ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(429)

مورخہ 07.08.2023

**بہاولپور(            )پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بھرپور کریک ڈاون،گزشتہ روز مختلف مقدمات میں 06 ملزمان گرفتار۔گرفتار ملزمان سے بھاری مقدار میں اسلحہ ناجائز،منشیات وشراب برآمد،ملزمان پابند سلاسل۔ایسے گھناؤنے کاروبار کے مرتکب افراد کسی رعائت کے مستحق نہیں۔ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب کی جرائم کی سرکوبی کیلئے جاری ہدایات پر عملدرآمد کو یقینی بناتے ہوئے ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔ اسلحہ ناجائز رکھنے والے افراد کے خلاف بھرپور کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے تھانہ اوچشریف اور تھانہ دھوڑ کوٹ پولیس نے 04 ملزمان شوکت بلوچ،خضر اقبال،سہیل اور حبیب عرف باقر کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 01 عدد پسٹل 30 بور،01 عدد رائفل 44 بور،01 عدد کلاشنکوف اور 01 عدد بندوق 12 بور برآمد کرلی۔تھانہ قائم پور پولیس نے منشیات فروشی کے مرتکب 01 ملزم قمر کو گرفتار کرکے اس کے قبضہ سے 550 گرام چرس برآمد کرلی،جبکہ تھانہ نوشہرہ جدید پولیس نے ملزم الہی بخش کو 01 عدد چالو بھٹی اور 40 لیٹر دیسی شراب برآمد کرکے بند حوالات کیا۔گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کرکے مزید تفتیش شروع کردی۔اس موقع پر ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ ایسے گھناؤنے جرائم کرنے والے جرائم پیشہ افراد کے خلاف اسی طرح کریک ڈاان جاری رکھتے ہوئے مزید موثر کارروائیاں عمل میں لائی جائیں گی تاکہ معاشرے کو ایسے ناسور عناصر سے پاک کیا جاسکے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور:پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن،گزشتہ روز مختلف مقدمات میں گرفتار ملزمان اور بھاری مقدار میں اسلحہ ناجائز،منشیات وشراب برآمد

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (430)

07-08-2023

**بہاولپور(                ) ڈی پی او سید محمد عباس کی ہدایات کی روشنی میں عادی منشیات بحالی اسکواڈ ( Drug Addict rehabilitation squad) کے مثبت نتائج آنا شروع۔ہسپتال میں 38 منشیات کے عادی افراد زیر علاج ہیں۔**

**بہاولپور کو منشیات فری زون بنانے کا عزم کیا ہے، ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق وزیر اعلی پنجاب اور آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی طرف سے منشیات کے خلاف جاری مہم میں بہاولپور پولیس کی طرف سے ڈی پی او سید محمد عباس کی ہدایات کی روشنی میں منشیات کے عادی افراد کی بحالی کیلئے خصوصی اسکواڈ نے منشیات کے عادی افراد کے علاج معالجہ کا کام جاری رکھتے ہوئے اب تک 38 منشیات کے عادی افراد کو ہسپتال داخل کروایا۔ اسکواڈ انچارج سب انسپکٹر محمد ایوب نے اپنی ٹیم کنسٹیبلان محمد محبوب، اسد اللہ، اظہر سعید، محمد ندیم اور ڈرائیور کنسٹیبل محمد مبین کے ہمراہ نشے کے عادی افراد کو بہاولپور شہر کے مختلف علاقوں سے (pick) کر کے پولیس لائنز میں قائم عادی منشیات بحالی ہسپتال لا رہے ہیں ۔ ہسپتال میں ان افراد کو فری رہائش، بہترین کھانا، دھوبی، ہیئر کٹنگ کی سہولیات فراہم کی جارہی ہیں۔ محکمہ پولیس نے دیگر سرکاری و نیم سرکاری اداروں کے تعاون سے نشے کے عادی افراد کا خصوصی طور پر علاج معالجہ جاری رکھتے ہوئے انکی زندگی کی طرف بحالی کو ممکن بنانے کے لئے علاج معالجہ کے ساتھ ساتھ روزانہ کی بنیاد پر مختلف جسمانی ورزش اور ان کی اصلاح کے لئے مختلف کلاسز کا بھی اہتمام کیا گیا ہے۔ انشا اللہ جلد نشے کے عادی افراد کی بحالی کے بعد انہیں ان کی فیملیز کے حوالے کرنے کا عمل بھی شروع ہو جائے گا۔ علاج معالجہ کے بعد ان کا مکمل فالو اپ لیا جائے گا۔ تاکہ وہ دوبارہ اس لت میں نہ پڑ سکیں۔ اس موقع پر ڈی پی او سید محمد عباس نے بات کرتے ہوئے کہا کہ نوجوانوں کا مستقبل تاریک ہونے سے بچانے کی بھرپور کوشش جاری ہے، یہ ایک صدقہ جاریہ بھی ہے اور ہمارا فرض بھی۔ بہاولپور کو منشیات فری زون بنانے کا عزم کیا ہے جس کو انشا اللہ ہر صورت پورا کیا جائے گا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور: ڈی پی او سید محمد عباس کی ہدایات کی روشنی میں عادی منشیات بحالی اسکواڈ کے مثبت نتائج آنا شروع۔ ہسپتال میں زیر علاج منشیات کے عادی افراد کی صحت یابی کیلئے مختلف جسمانی ورزش کا عمل جاری